NYC Department of Education

چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-802
موضوع: GPS آلات کی تنصیب اور تربیت اور بس کے راستوں (روٹس) پر مشقیہ چلانا
زمرہ: طالب علم کی نقل و حمل
جاری کردہ: 12 اگست، 2022

تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-802، مورخہ 20 جون، 2019 کو منسوخ کرتا ہے اور اسکی جگہ لیتا ہے۔

تبدیلیاں:

- اس ضابطہ کے تحت دیگر ترامیم کے ساتھ اس خلاصے کی تجدید کرتا ہے۔
- بس کمپنیوں سے قانوناً اور / یا معاہدہ کے مطابق درکار بس ڈرائیوروں، ملازمین، اور / یا معاونین کی تربیت کے نفاذ کی مطلوبات کی وضاحت کرتا ہے (جز) II۔
- ایک وفاقی حکم کے مطابق بس ڈرائیوروں، ملازمین، اورمعاونین کے لیے گلوکاگون دینے کے لیے درکار تربیت کا ایک شق کا اضافہ کرتا ہے (جز) II.B۔

خلاصہ

یہ ضابطہ وہ شقیں قائم کرتا ہے جن کا اطلاق ذیل پر ہوتا ہے: گاڑیوں اور / یا طلبا کے محلِ وقوع کے متعلق معلومات کو ریکارڈ، رپورٹ کرنے یا نشر کرنے کے مقصد کے لیے ساز و سامان اور / یا آلات کی لازمی تنصیب اور استعمال، ایسے ساز و سامان اور آلات کے استعمال کی تربیت؛ اور بس ڈرائیور اور معاون کے بس کے راستوں پر مطلوبہ مشقیہ چلانے کی تکمیل کرنا۔

I. عالم گیر محل وقوع بتانے کا نظام (GPS) متعلقہ آلات، اور مطلوبات

A. GPS کے محل وقوع کی نگرانی (ٹریکنگ) کا سافٹ ویئر اور آلات کے استعمال کے ذریعے کسی اکائی یا چیز کے محل وقوع کی ریموٹلی نگرانی کرتا ہے۔

B. محکمئہ تعلیم کے زیرِ معاہدہ اور / یا اُن کی ذیلی توسیعات کے تحت کام کرنے والی طالب علم کی نقل و حمل کی تمام بس کمپنیوں کے لیے 30 جون، 2018 کے بعد سے موثر، ان سے 1 جولائی، 2019 کے بعد، اسکول بس کے محلِ وقوع اور اطلاع دینے کے مقاصد کے لیے طلبا کے سواری کی براہِ راست نگرانی کرنے کے لیے محکمئہ تعلیم کے ذریعے منتخب کردہ GPS آلات اور متعلقہ سوفٹ ویئر (دی "ٹریکنگ سسٹم") کی تنصیب کو قبول کرنا اور طلبا کو خدمات فراہم کرنے والی تمام بسوں میں ایسے ٹریکنگ نظام کو نافذ کرنا مطلوب ہے۔

C. اس نگرانی کے نظام کو تمام اسکول کے دنوں میں طلبا کے سفر کرنے کے دوران قابل استعمال ہونا لازمی ہے، اور نگرانی کے نظام کے تمام اعداد و شمار (ڈیٹا) کو محکمئة تعلیم کے تقرر کردہ عملے کے لیے لازماً قابلِ رسائی ہونا چاہئیے۔

II. عام تربیت کی پالیسیاں اور متعلقہ مطلوبات

A. سالانہ تقویتی (ریفریشر) تربیتوں اور دیگر زیرِ معاہدہ مطلوبہ تربیتوں کے علاوہ، طلبا کے نقل و حمل کے لیے تعلیمی بورڈ کے زیرِ معاہدہ اور / یا اسکے بعد کی توسیعات کے تحت کام کرنے والی نقل و حمل کی تمام بس کمپنیوں کے لیے 30 جون،

2018 کے بعد سے نافذ العمل، انہیں 1 جولائی، 2019 کے بعد بس کو روٹ پر مشقیہ چلانے کی اور / یا ٹریکنگ (نگرانی) کے نظام کے استعمال کے مقصد کے لیے بس ڈروائیوروں، ملازمین، اور / یا معاونین کے لیے تربیت کے دنوں کا نفاذ کرنا ہو گا۔

B. وفاقی عدالت کے ایک حکم پر عمل کرتے ہوئے، اور درکار ریاستی سے منظور شدہ تربیت کے تحت، محکمئہ تعلیم کے ساتھ طلبا کو لانے لیجانے کا معاہدہ کرنے والی تمام بس کمپنیں کو اب سے محکمئہ تعلیم کی مقررہ کردہ حتمی تاریخ تک لازماً: یہ یقینی بنانا ہوگا کہ نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (DOE) کی جانب سے ذیابیطس کی ادویات دینے کا فارم کے حامل طلبا کو لانے لیجانے والے تمام نشاندہی کردہ بس ڈرائیور اور معاونین سالانہ گلوکاگون (ذیابیطس کی ہنگامی صورت حال میں بچاو کی دوائی) دینے کی تربیت حاصل کریں؛ اور محکمئہ تعلیم (DOE) کو اس تربیت لینے کا ایک ثبوت فرہم کریں

III. استفسارات

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات کو ذیل پتے پر بھیجنا چاہیے:

Office of Pupil Transportation
NYC Department of Education
Vernon Boulevard, 6th floor 44-36
11101 NY ,Long Island City
ٹیلیفون: 718-707-4343